SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

May 9, 2023

ایس ای سی پی اور آئی سی اے پی کی جانب سے کارپوریٹ رپورٹنگ سیشن کا انعقاد

ایس ای سی پی نے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) کے تعاون سے کارپوریٹ رپورٹنگ اور معلومات کی فراہمی سے متعلق کی ایک روزہ ورکشاپ منعقد کی گئی ۔ ورکشاپ میں کارپوریٹ رپوٹنگ کے بین الا قوامی معیارات کے تناظر میں، پاکستان میں کمپنیوں کی جانب سے مستحکم اور معیاری کارپوریٹ رپورٹنگ پر بحث کی گئی۔ ورکشاپ میں کمپنیوں، بین الاقوامی تنظیموں، کیپیٹل مارکیٹ کے اداروں بزنس فورمز سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

ایس ای سی پی کی ایگزیکٹوڈائریکٹر مس مسرت جبین نے اپنے ابتدائی کلمات میں کہا کہ ایس ای سی پی معلومات کی شفاف فراہمی پر مبنی کارپوریٹ رپورٹنگ کی لئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ سیشن ایس ای سی پی کی طرف سے اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشترکہ حکمت عملی اور ٹھوس ایکشن پلان تیار کرنے کا تسلسل ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بین الاقوامی اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی ایس ایس بی) کے مربوط اور پائیدار رپورٹنگ فریم ورک پر عمل درامد سے جامع اقتصادی ترقی میں مدد ملے گی۔

آئی سی اے پی کونسل ممبر اور اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ چیئرمین جناب فرخ رحمان نے اپنی تقریر میں آئی ایس ایس بی کے معیارات پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے دیا کارپوریٹ رپورٹنگ کے لیے ڈیٹا کا تجزیہ کرنے میں درپیش چیلنجوں اور کارپوریٹ رپورٹنگ اور آزادانہ جائزہ کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

ورکشاپ میں میں آئی سی اے پی کی جانب سے تکنیکی پریزنٹیشن بھی دی گئی جس میں کارپوریٹ اداروں کی جانب سے معلومات کی فراہمی کے معیارات کو اپنانے کے لیے بڑھتی ہوئی بین الاقوامی ضروریات کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

پرائیویٹ سیکٹر کے نمائندوں نے کارپوریٹ رپورٹنگ کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لیے آراء پیش کیں۔انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ سٹینڈرڈز فاؤنڈیشن (آئی ایف آر ایس) نے بھی اس تقریب میں شرکت کی اور اسٹیک ہولڈرز کے سسٹین ایبلٹی معلومات کی فراہمی کے معیارات اور آئی ایف آر ایس فاؤنڈیشن کے مختلف اقدامات اور منصوبوں کا ایک جائزہ فراہم کیا۔

آئی سی اے پی کے جناب اسد فیروز نے پینل کی میزبانی کی جس میں پینلسٹ جناب فرخ رحمان (آئی سی اے پی)، جناب فرخ خان (پاکستان اسٹاک ایکسچینج)، جناب اینڈریو سی میک کارٹنی (ایشیائی ترقیاتی بینک)،جناب ایفیرو لوئس بی اماتونگ (انٹرنل فنانس کارپوریشن)، جناب میموش خواجہ (پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس)، محترمہ نازش شیخا (پاکستان بزنس کونسل)، جناب شہزاد اشرف (یواین ویمن، پاکستان) اور جناب محمد کامران (یواین ڈی پی) شامل تھے ۔پینلسٹس نے سسٹین ایبل کاروباری طریقوں، چیلنجز، ٹائم لائنز اور ایس ای سی پی کے ڈرافٹ ایکشن پلان پر بات کی اور سسٹین ایبلٹی کو فروغ دینے میں اپنے اداروں کے کردار اور اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔

سیشن کے مہمان خصوصی، اخوت فاؤنڈیشن کے بانی اور چیئرمین جناب امجد ثاقب نے سیشن کے انعقاد پر ایس ای سی پی اور آئی سی اے پی کو سراہا۔ انہوں نے اخوت کے وژن، سسٹین ایبل ترقی کے اہداف کی اہمیت اور مصطفی آباد کے ماڈل ولیج کے لیے ایسے اقدامات پر زور دیا جو جامع سماجی واقتصادی اور سسٹین ایبلٹی ترقی کے اسلامی اصولوں کی عکاسی بھی کریں ۔

جناب عاکف سعید، چیئرمین ایس ای سی پی، نے اپنے اختتامی کلمات میں سیشن میں مختلف اسٹیک ہولڈرز کی دلچسپی کو سراہا اور ایس ای سی پی کے ہم آہنگ، جامع اور ٹھوس قومی ای ایس جی ایکشن پلان کے لیے سہولت کار کے طور پر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔